علم و فن کوثر
مرتب
محمد فہیم قادری مصطفائی
www.jannatikaun.com

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

درسِ نظامی کے اساتذہ اور طلبہ کے لیے یکساں مفید و معاون

۲۱۳ر سوالوں پر مشتمل معلومات کا خزانہ

از قلم

مفتی محمد فہیم مصطفائی

فہرس

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر	نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
1	شیخین سے کیا مراد ہے؟	6	26	حیث معرب ہے یا مبنی؟	10
2	صاحبین سے کیا مراد ہے؟	6	27	حرف تعریف کسے کہتے ہیں؟	10
3	طرفین سے کیا مراد ہے؟	6	28	تنوین کی اقسام	10
4	فقہاء کے کتنے طبقات ہیں؟	7	29	فعل اصطلاحی کتنی چیزوں سے مرکب	10
5	کتاب کی تعریف	7	30	پانی میں غیر کے غلبے کی صورتیں	10
6	باب کی تعریف	7	31	تداخل کسے کہتے ہیں؟	10
7	فصل کی تعریف	7	32	متصل واحد کسے کہتے ہیں؟	10
8	برہان کیا ہے؟	7	33	حلول کسے کہتے ہیں؟	11
9	دلیل کسے کہتے ہیں؟	7	34	ماء مستعمل کسے کہتے ہیں؟	11
10	اطلاق جمع کی تعریف	7	35	مردار کی کتنی چیزیں پاک ہیں؟	11
11	معنی کی تعلیل	7	36	مفرد کتنی چیزوں کے مقابلے میں؟	11
12	ابتدا کی کتنی قسمیں ہیں؟	8	37	تانیث کی کتنی قسمیں ہیں؟	11
13	آما اصل میں کیا تھا؟	8	38	بلی کے جھوٹے کا حکم	11
14	مختصر کسے کہتے ہیں؟	8	39	جنسِ ارض کسے کہتے ہیں؟	12
15	عبارت کسے کہتے ہیں؟	8	40	علت قابلہ کسے کہتے ہیں؟	12
16	مثال کسے کہتے ہیں؟	8	41	علت فاعلہ کسے کہتے ہیں؟	12
17	ذہن کسے کہتے ہیں؟	8	42	حیز کسے کہتے ہیں؟	12
18	ترتیب کسے کہتے ہیں؟	9	43	مسح علی الخفین پر کتنی احادیث مروی؟	12
19	توفیق کسے کہتے ہیں؟	9	44	استعارہ بالکنایہ کسے کہتے ہیں؟	12
20	جوہر کسے کہتے ہیں؟	9	45	استعارہ تخییلیہ کسے کہتے ہیں؟	13
21	عرض کسے کہتے ہیں؟	9	46	استعارہ ترشیحیہ کسے کہتے ہیں؟	13
22	کم کسے کہتے ہیں؟	9	47	ایہام کسے کہتے ہیں؟	13
23	فعل کسے کہتے ہیں؟	9	48	نظم قرآن سے کیا مراد ہے؟	13
24	علم و معرفت میں فرق	9	49	انسان اور حیوان میں تمام مشترک	13
25	انفعال کسے کہتے ہیں؟	10	50	عرض کی کتنی قسمیں ہیں؟	13

نمبر	عنوان	صفحہ
51	فصاحت کا لغوی معنی	14
52	نسبت کی قسمیں	14
53	خبر و انشاء میں فرق	14
54	تاؤل کسے کہتے ہیں؟	14
55	جنازہ اور جنازہ میں فرق	14
56	بطنِ محسر سے کیا مراد ہے؟	14
57	سلبِ عموم کا کیا مطلب ہے؟	14
58	تاکید کسے کہتے ہیں؟	15
59	تاسیس کسے کہتے ہیں؟	15
60	بیع فاسد کی صورتیں	15
61	بیع اقالہ کسے کہتے ہیں؟	15
62	اقالہ کے لیے کیا شرائط ہیں؟	15
63	مسند سیبی کسے کہتے ہیں؟	15
64	غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین کیوں نہیں؟	16
65	اصلِ وضع کیا ہے؟	16
66	قصیدہ بردہ کی کتنی شروحات ہیں؟	17
67	شعراء کے چار طبقات	17
68	مشکوٰۃ المصابیح کی اصل کونسی کتاب ہے؟	17
69	مصابیح السنۃ کے مصنف کا نام کیا ہے؟	17
70	مشکوٰۃ میں کتنی احادیث ہیں؟	17
71	ناقدینِ حدیث سے کیا مراد ہے؟	18
72	مشکوٰۃ کی چند شروحات کے نام	18
73	حضرت عمر سے کتنی احادیث مروی؟	18
74	روزہ اور حج کب فرض ہوئے؟	18
75	ولاء کی کتنی قسمیں ہیں؟	18
76	بیع فاسد، بیع باطل، بیع مکروہ میں فرق	18
77	عرض کی کتنی اقسام ہیں؟	19
78	مقولاتِ عشرہ سے کیا مراد ہے؟	19
79	نسبیہ و غیر نسبیہ کی اقسام	19
80	علم تقسیم قبول کرتا ہے یا نہیں؟	19
81	فقہ اسلامی کی بنیاد کتنی چیزیں ہیں؟	19
82	تفسیر کی کتنی اقسام ہیں؟	19
83	عہدِ رسالت کے تفسیری مصادر	20
84	تدوینِ حدیث کا آغاز کب ہوا؟	20
85	مسانید کسے کہتے ہیں؟	20
86	عہدِ تابعین کے تفسیری مصادر	20
87	کتبِ ظواہر کون کونسی ہیں؟	21
88	احادیث صحیحہ کا پہلا مجموعہ کونسا ہے؟	21
89	نفسِ احادیث 44 ہزار ہیں	21
90	صحاح ستہ میں بغیر تکرار کے 10 ہزار احادیث	21
91	صحاح ستہ کے مصنفین امام اعظم کے شاگرد ہیں	22
92	تفسیر بالماثور کسے کہتے ہیں؟	22
93	تفسیر بالرائے کسے کہتے ہیں؟	22
94	فتنہ وضع حدیث کا آغاز کب ہوا؟	22
95	تفسیر بالماثور میں سے چند کے نام	22
96	تفسیر بالرائے میں سے چند کے نام	22
97	اعتقاد کی کتنی صورتیں ہیں؟	22
98	شانِ ابوبکر صدیق میں 12 آیات	23
99	شانِ ابوبکر صدیق میں 316 احادیث	23
100	ابوبکر صدیق کے تین پسندیدہ عمل	23
101	زکوٰۃ کب فرض ہوئی؟	23
102	حضرت ابوہریرہ کا اصلی نام کیا تھا؟	23
103	بصرہ میں وفات پانے والے آخری صحابی	23
104	شام میں وفات پانے والے آخری صحابی	24
105	مدینہ میں وفات پانے والے آخری صحابی	24
106	حکم کا اطلاق کتنی چیزوں پر ہوتا ہے؟	24
107	اُصولِ حدیث پر سب سے پہلی کتاب	24
108	حدیث کے مشکل الفاظ حل کرنے والی کتاب	24

نمبر	عنوان	صفحہ	نمبر	عنوان	صفحہ
109	کثرت سے روایت کرنے والے صحابہ	25	136	بیع سلم و بیع صرف میں فرق	30
110	صحاح ستہ کے مصنفین کا تعارف	25	137	قتل خطا کی دیت کتنی؟	30
111	مذاہب اربعہ کے بانیوں کا تعارف	26	138	اونٹوں کی مشہور قسموں کے نام	30
112	کسی فن کو شروع کرنے سے پہلے کتنی چیزیں ضروری	26	139	تغییر و تبدیل میں فرق	30
113	تعریف جاننا کیوں ضروری؟	26	140	استبرا، رحم کیا ہے؟	31
114	موضوع جاننا کیوں ضروری؟	26	141	دَین اور عین میں فرق	31
115	غرض جاننا کیوں ضروری؟	26	142	بیع باطل اور بیع فاسد میں فرق	31
116	مدوّن جاننا کیوں ضروری؟	26	143	مثلہ کسے کہتے ہیں؟	31
117	حالاتِ مصنف جاننا کیوں ضروری؟	26	144	حلال جانوروں کا شکار کرنا کیسا؟	31
118	اُصولِ فقہ کے مدون کون؟	27	145	مال کسے کہتے ہیں؟	31
119	اُصولِ فقہ کی حد لقبی کیا ہے؟	27	146	غیر مقلد کافر کیوں؟	32
120	اُصولِ فقہ کا موضوع کیا ہے؟	27	147	کیا ہر غیر مقلد کافر ہے؟	33
121	اُصولِ فقہ کی غرض کیا ہے؟	27	148	اجنبی عورت سے مصافحہ کرنا کیسا؟	33
122	فقہ کسے کہتے ہیں؟	27	149	اذان سے قبل درود بدعت حسنہ ہے	33
123	استنباط کسے کہتے ہیں؟	27	150	تمباکو نوشی کا حکم	33
124	مسمّی، مدلول، مفہوم اور معنی میں فرق	27	151	حد کی کتنی قسمیں ہیں؟	34
125	اُصولِ فقہ میں کتاب اللہ کی تقسیمات	28	152	مقدار کی کتنی قسمیں ہیں؟	34
126	پہلی تقسیم: خاص، عام وغیرہ	28	153	علم کی تقسیمات	34
127	دوسری تقسیم: حقیقت، مجاز وغیرہ	28	154	تصور و تصدیق کی دس اقسام	35
128	تیسری تقسیم: ظاہر، نص وغیرہ	28	155	علم کی دوسری تقسیم: تقلید، تخیلی وغیرہ	35
129	چوتھی تقسیم: عبارۃ النص وغیرہ	28	156	تیسری تقسیم: علم الیقین وغیرہ	36
	حصہ دوم		157	تصور و تصدیق کی کل 16 اقسام	36
130	رسول اللہ نے کتنی نمازیں ادا کیں؟	29	158	تقویٰ کے مراتب	36
131	زبان سے نیت کرنا کیسا ہے؟	29	159	غیبت حق اللہ یا حق العبد؟	36
132	لونڈی کی کتنی اقسام ہیں؟	29	160	انسانیت کی معراج والی حدیث	37
133	مرتد و کافر میں نسبت	29	161	امن کی کنجیاں کیا ہیں؟	37
134	مرتد کی سزا	30	162	چند عربی محاورے	38
135	زندیق کسے کہتے ہیں؟	30	163	چند عربی ضروری قواعد	

کنز العلوم

س ۱: شیخین سے کیا مُراد ہے؟ (علوم عربیہ)

جواب: (۱) اہلِ سیَر کے نزدیک حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما۔

(۲): محدثین کے نزدیک امام بخاری و امام مُسلم رضی اللہ عنہما۔

(۳): اَحناف کے نزدیک امام ابوحنیفہ و امام ابویوسف رضی اللہ عنہما۔

س ۲: فلاسفہ کے نزدیک مطلقاً شیخ سے کون مُراد ہے؟ (فلسفہ)

جواب: شیخ بوعلی سینا۔

س ۳: بلغاء کے نزدیک شیخ سے مطلقاً کون مُراد ہے؟ (بلاغت)

جواب: شیخ عبدالقاہر جرجانی رحمۃ اللہ علیہ۔

س ۴: مناطقہ کے نزدیک مطلقاً امام سے کون مُراد ہے؟ (منطق)

جواب: امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ۔

س ۵: احناف کے نزدیک مطلقاً امام سے کون مُراد ہوتا ہے؟ (فقہ)

جواب: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ۔

س ۶: احناف کے نزدیک صاحبین کسے کہتے ہیں؟ (فقہ)

جواب: امام ابویوسف و امام محمد رضی اللہ عنہما۔

س ۷: احناف کے نزدیک طرفین کسے کہتے ہیں؟ (فقہ)

جواب: حضرت امام ابوحنیفہ و امام محمد رضی اللہ عنہما۔

س ۸: فقہا کے کتنے طبقات ہیں؟ اُن کے نام لکھیں۔ (فقہ)

جواب: چھ طبقات ہیں:

(1) مجتهد فی الشرع (2) مجتهد فی المسائل (3) اهل الترجيح

(4) مجتهد فی المذهب (5) اهل التخريج (6) اهل التمييز

س۹: کتاب کسے کہتے ہیں؟ (فقہ)

جواب: ”هُوَ الْجَامِعُ لِمَسَائِلَ مُتَّحِدَةٍ فِي الْجِنْسِ مُخْتَلِفَةِ النَّوْعِ۔“

[کتاب وہ ہے جو ایسے مسائل کو جمع کرنے والی ہو جو جنس کے لحاظ سے متحد اور نوع کے لحاظ سے مختلف ہوں]

س۱۰: باب کسے کہتے ہیں؟ (علومِ عربیہ)

جواب: ”هُوَ الْمُشْتَمِلُ عَلَى الْأَنْوَاعِ۔“ [جو مختلف انواع پر مشتمل ہو]

س۱۱: فصل کسے کہتے ہیں؟ (علومِ عربیہ)

جواب: ”هُوَ الْمُشْتَمِلُ عَلَى الْأَفْرَادِ۔“ [جو علیحدہ علیحدہ مسائل پر مشتمل ہو]

س۱۲: برہان کسے کہتے ہیں؟ (علومِ عربیہ)

جواب: وہ دلیل جو مقدماتِ یقینیہ سے مرکب ہو۔

س۱۳: دلیل کسے کہتے ہیں؟ (منطق)

جواب: وہ معلوم تصدیقی جو مجہول تصدیقی تک پہنچائے۔

س۱۴: اطلاقِ صحیح کسے کہتے ہیں؟ (نحو)

جواب: ”هُوَ الَّذِي يَدُلُّ عَلَى الْمَطْلُوبِ مِنْ غَيْرِ حَاجَةٍ إِلَى أَمْرٍ آخَرَ۔“

[وہ اطلاق جو مطلوب پر کسی دوسرے امر کی ضرورت کے بغیر دلالت کرے]

س۱۵: ”معنًی“ کی تعلیل کریں۔ (صرف)

جواب: یہ اصل میں ”مَعْنَوِی“ تھا، واؤ اور یاء جمع ہوئے، ان میں سے ایک ساکن ہے، لہٰذا ”سَیِّدٌ“ کے قاعدے کے مطابق واؤ کو یاء کیا اور پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا، تو یہ ”مَعْنِیٌّ“ ہو گیا، پھر اس میں خلافِ قیاس تخفیف کی بایں طور کہ پہلے یاء کو حذف کیا، پھر نون کے کسرہ کو فتح سے بدلا تو یہ ”مَعْنَیٌ“ ہو گیا، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح تو یاء کو الف سے بدل دیا تو یہ ”مَعْنَانْ“ ہو گیا، اب الف اور نون کے درمیان اجتماعِ ساکنین ہوا جس کی وجہ سے الف کو گرا دیا تو یہ ”مَعْنًی“ ہو گیا۔

س۱۶: ابتدا کی کتنی قسمیں ہیں؟ (نحو)

جواب: اِس کی تین قسمیں ہیں: (۱) ابتداءِ حقیقی (۲) ابتداءِ عرفی (۳) ابتداءِ اضافی

(i) ابتداءِ حقیقی ---- جو ہر چیز سے پہلے ہو۔

(ii) ابتداءِ عرفی ---- جو مقصود سے پہلے ہو۔

(iii) ابتداءِ اضافی ---- جو بعض سے پہلے ہو۔

س۱۷: کیا ''اَمَّا'' اپنی اصل پر ہے یا یہ اصل میں کچھ اور ہے؟ (صرف ونحو)

جواب: اِس میں اختلاف ہے: (۱) سیبویہ کے نزدیک یہ اپنی اصل پر ہے۔
(۲) امام خلیل کے نزدیک یہ اصل میں ''مَہمَا'' تھا، اب خلافِ قیاس تخفیف کے لیے ''ھا'' کو ہمزہ سے بدلا تو یہ ''مَئمَا'' ہوگیا، پھر چونکہ ہمزہ صدارت چاہتا ہے، اس لیے قلبِ مکانی کرتے ہوئے ہمزہ کو شروع میں لے آئے تو یہ ''اَممَا'' ہوگیا، پھر دو ہم جنس حروف اکٹھے ہوئے تو میم کا میم میں اِدغام کیا تو یہ ''اَمَّا'' ہوگیا۔

س۱۸: مختصر کسے کہتے ہیں؟ (علومِ عربیہ)

جواب: ''قَلِیلُ الْعِبَارَةِ وَکَثِیرُ الْمَعَانِی۔'' [جس کی عبارت کم ہو اور معانی کثیر ہوں]

س۱۹: عِبارت کسے کہتے ہیں؟ (علومِ عربیہ)

جواب: وہ اَلفاظ جو معانی پر دلالت کرتے ہیں۔

س۲۰: مِثال کسے کہتے ہیں؟ (علومِ عربیہ)

جواب: جو قاعدہ کی وضاحت کے لیے لائی جائے۔

س۲۱: ذِہن کسے کہتے ہیں؟ (فلسفہ)

جواب: ''هِیَ قُوَّةٌ مَوْجُوْدَةٌ فِی الْاِنْسَانِ تَنْتَقِشُ فِیهَا الْمَعْنٰی۔''
[انسان کے اندر ایک ایسی قوت جس میں معنیٰ منقش ہو]

س۲۲: ترتیب کا لغوی واصطلاحی معنیٰ کیا ہے؟ (علومِ عربیہ)

جواب: لغوی معنیٰ: ''جَعْلُ کُلِّ شَیْءٍ فِی مَرْتَبَتِهٖ۔'' [ہر چیز کو اُس کے مرتبے میں رکھنا]

اِصطلاحی معنی: ”جَعْلُ الْاَشْیَاءِ الْمُتَعَدِّدَۃِ بِحَیْثُ یُطْلَقُ عَلَیْھَا اِسْمٌ وَّاحِدٌ۔“

[متعدد چیزوں کو اِس طرح کر دینا کہ اُن پر ایک نام بولا جا سکے]

س ۲۳: توفیق کسے کہتے ہیں؟ (عربی علوم)

جواب: خدا تعالیٰ کا نیک مقصود کے لیے اُس کے موافق اَسباب پیدا فرما دینا۔

س ۲۴: جوہر کسے کہتے ہیں؟ (فلسفہ)

جواب: جوہر وہ ماہیت جو اگر خارج میں موجود ہو تو موضوع میں سے نہ ہو۔۔۔یا۔۔۔وہ مقولہ جو بذاتہ غیر کا محتاج نہ ہو۔

س ۲۵: عرض کسے کہتے ہیں؟ (فلسفہ)

جواب: وہ ماہیت جو موضوع (یعنی جگہ) میں موجود ہو۔۔۔یا۔۔۔وہ مقولہ جو بذاتہ غیر کا محتاج ہو۔

س ۲۶: کَمْ کسے کہتے ہیں؟ (فلسفہ)

جواب: کَمْ وہ عرض جو بذاتہ تقسیم وعدم تقسیم کو قبول کرے۔

س ۲۷: کَمْ کی کتنی قسمیں ہیں؟ (فلسفہ)

جواب: کَمْ کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) کم مُتصل (۲) کم منفصل

(۱) **کم متصل:** وہ ہے جس کے اجزا میں کوئی حد مشترک ہو۔

(۲) **کم منفصل:** جیسے: اَشیاءِ معدودہ۔

س ۲۸: فعل کسے کہتے ہیں؟ (بلاغت)

جواب: کسی چیز کا دوسرے کے اندر اثر کرنا، جیسے: قَاطِع (کاٹنے والا)

س ۲۹: علم اور معرفت میں کیا فرق ہے؟ (بلاغت)

جواب: علم کا اِستعمال کلیات اور معرفت کا اِستعمال جزئیات میں ہوتا ہے۔

س ۳۰: اِنفعال کسے کہتے ہیں؟ (بلاغت)

جواب: کسی چیز کا اثر قبول کرنا، جیسے: زید کا مضروب ہونا۔

س ۳۱: حَیْثُ معرب ہے یا مبنی ہے؟ (نحو)

جواب: یہ مبنی بر ضم ہے۔

س ۳۲: حرفِ تعریف کیا ہے؟ (نحو)

جواب: اِس کے بارے میں اِختلاف ہے، تین مذاہب ہیں۔

(۱) امام سیبویہ کے نزدیک صرف لام ہے۔ (۲) امام مبرد کے نزدیک صرف ہمزہ۔

(۳) امام خلیل کے نزدیک اَلْ یعنی ہمزہ اور لام دونوں کا مجموعہ ہے۔

س ۳۳: تنوین کی کتنی قسمیں ہیں؟ (نحو)

جواب: تنوین کی پانچ قسمیں ہیں:

(۱) ترنم (۲) تمکن (۳) تنکیر (۴) عرض (۵) مقابلہ

س ۳۴: اِن پانچ میں سے کون سی اسم اور کون سی فعل پر آتی ہے؟ (نحو)

جواب: تنوینِ ترنم اِسم اور فعل دونوں پر آتی ہے جبکہ بقیہ چار اسم کے ساتھ خاص ہیں۔

س ۳۵: فعلِ اِصطلاحی کتنی چیزوں سے مرکب ہوتا ہے؟ (صرف و نحو)

جواب: تین چیزوں سے مرکب ہوتا ہے:

(۱) مصدری معنیٰ (۲) زمانہ (۳) نسبت الی الفاعل

س ۳۶: پانی میں غیر کے غلبہ کی کتنی صورتیں ہیں؟ (فقہ)

جواب: غیر کے غلبہ کی تین صورتیں ہیں۔

(i) جامدات میں پانی کی رقت اور سیلان کے اعتبار سے۔

(ii) مائعات میں ایک یا دو وصف تبدیل ہونے سے۔

(iii) جن کا کوئی وصف نہیں، اُن میں کثرت وقلت کا وزن کے ساتھ اعتبار ہوگا۔

س ۳۷: تداخل کسے کہتے ہیں؟ (فلسفہ)

جواب: تین جوہر مل کر ایک ہو جائیں تو تداخل کہلاتا ہے۔

س ۳۸: متصل واحد کا کیا مطلب ہے؟ (فلسفہ)

جواب: متصل واحد کا مطلب یہ ہے کہ جسم کا قلیل و کثیر ماہیت اور نام میں مساوی ہو اور اُس کی تقسیم کریں تو جسم ہی بنتے جائیں، اگر جسم نہ بن سکے تو جزءِ لَا یَتَجزّیٰ ثابت ہوگی۔

س ۳۹: حلول کسے کہتے ہیں؟ (فلسفہ)

جواب: حلول یہ ہے کہ ایک چیز دوسری کے ساتھ اس طرح متعلق ہو جائے کہ اوّل شئے کا وجود دوسری شئے کے بغیر نہ پایا جائے۔

س ۴۰: ماءِ مستعمل کسے کہتے ہیں اور یہ کب مستعمل ہوتا ہے؟ (فقہ)

جواب: جس پانی کو حدثِ اصغر یا اکبر کو دور کرنے کے لیے بطور قُرب استعمال کیا جائے تو یہ ماءِ مستعمل ہے اور یہ پانی عضو سے علیحدہ ہوتے ہی مستعمل ہو جاتا ہے اور امام محمد و مفتی بہ قول کے مطابق ماءِ مستعمل طاہر ہے، مگر مطہر نہیں۔

س ۴۱: مردار کی کتنی چیزیں پاک ہیں؟ (فقہ)

جواب: اَحناف کے نزدیک مردار کی ہر وہ چیز پاک ہے جس میں زندگی نہ ہو اور یہ آٹھ چیزیں ہیں:
(۱) بال (۲) ہڈی (۳) کھر (۴) سینگ (۵) اُون (۶) ناخن (۷) پَر (۸) چونچ
جبکہ امام شافعی کے نزدیک یہ سب ناپاک ہیں۔

س ۴۲: کنویں کے اَحکام قیاس کے مطابق ہیں یا خلافِ قیاس ہے؟ (فقہ)

جواب: خلافِ قیاس ہیں۔

س ۴۳: مفرد کتنی چیزوں کے مقابلے میں بولا جاتا ہے؟ (نحو)

جواب: چار چیزوں کے مقابلے میں۔ (۱) جملہ (۲) مضاف (۳) تثنیہ (۴) جمع

س ۴۴: تانیث کی کتنی قسمیں ہیں؟ (نحو)

جواب: تانیث کی مندرجہ ذیل تین قسمیں ہیں۔
(۱) تانیث لفظی متحرکہ (۲) تانیث لفظی ساکنہ (۳) تانیث معنوی
ان تین میں سے تانیث لفظی ساکنہ فعل کا خاصہ ہے۔

س ۴۵: بلّی کے جھوٹے کا کیا حکم ہے؟ (فقہ)

جواب: اِس کے بارے میں فقہا کا اختلاف ہے۔

(۱) امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مکروہِ تحریمی ہے۔

(۲) امام کرخی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مکروہِ تنزیہی ہے۔

(۳) اَحناف فرماتے ہیں کہ مکروہِ تنزیہی اور یہی قول زیادہ صحیح اور آثار کے موافق ہے۔

س ۴۶: جنسِ اَرض کس چیز کو کہتے ہیں؟ (فقہ)

جواب: جو چیز پانی میں نہ گلے اور جس چیز کو آگ نہ جلا سکے۔

س ۴۷: یَعْمَلَۃٌ کا کیا معنی ہے؟ (نحو)

جواب: وہ اُونٹ جو بوجھ اُٹھانے اور چلنے میں قوی ہو۔

س ۴۸: علتِ قابلہ کسے کہتے ہیں؟ (فلسفہ)

جواب: جو کسی چیز میں اُس کے وجود کی اِستعداد پیدا کرے اور اِستعداد کے بعد قابلِ فنا ہو جائے، گویا علتِ قابلہ فقدان کو چاہتی ہے۔

س ۴۹: علتِ فاعلہ کسے کہتے ہیں؟ (فلسفہ)

جواب: اَثر کرنے والی چیز کو کہتے ہیں اور یہ وجدان چاہتی ہے۔

س ۵۰: حَیِّز کسے کہتے ہیں؟ (فلسفہ)

جواب: جس کی وجہ سے جسم اشارۂ حسیہ میں دوسرے سے ممتاز ہو جائے۔

س ۵۱: مسح علی الخفین پر کتنی اَحادیث مروی ہیں؟ (فقہ)

جواب: مسح علی الخفین کے جواز پر تواتر سے اَحادیث مروی ہیں، امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ 40 صحابہ نے ایسی روایات بیان کی ہیں۔ بدائع میں امام حسن رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اُنہوں نے 60 بدری صحابہ کو دیکھا جو جوازِ مسح علی الخفین کے قائل ہیں۔

س ۵۲: موزوں پر مسح کے جواز کا اِنکار کرنے والا کون ہے؟ (فقہ)

جواب: درمختار میں ہے کہ ایسا شخص بدعتی اور فاسق ہے۔

س ۵۳: اِستعارہ بالکنایہ کسے کہتے ہیں؟ (بلاغت)

جواب: اگر مشبہ کو ذکر کیا جائے اور مراد مشبہ بہ لیا جائے تو یہ اِستعارہ بالکنایہ ہے۔

س ۵۴: اِستعارہ تخییلیہ کسے کہتے ہیں؟ (بلاغت)

جواب: مشبہ کے لیے مشبہ بہ کے لوازمات ثابت کرنا۔

س ۵۵: اِستعارہ ترشیحیہ کسے کہتے ہیں؟ (بلاغت)

جواب: مشبہ کے لیے مشبہ بہ کے مناسبات ثابت کرنا۔

س ۵۶: اِیہام کسے کہتے ہیں؟ (بلاغت)

جواب: کسی لفظ کے دو معنی ہیں، ایک قریب والا اور دوسرا بعید والا، اب قریب والا معنی چھوڑ کر بعید والا معنی مراد لینا اِیہام ہے اور اِسی کو توریہ بھی کہتے ہیں، جیسے: وجہٌ کے دو معنی ہیں: (۱) قریب والا ''چہرہ'' (۲) بعید والا ''طُرق وانواع'' اب دوسرا معنی مراد لینا اِیہام ہے۔

س ۵۷: نظمِ قرآن سے کیا مُراد ہے؟ (بلاغت)

جواب: کلماتِ قرآن کی ایسی تالیف کا نام ہے جس میں تمام اُمور اور معانی کو اُن کی مطلوبہ جگہوں پر رکھ دیا گیا ہو۔

س ۵۸: انسان اور حیوانات میں تمامِ مشترک کیا ہے؟ (منطق)

جواب: حیوان۔

س ۵۹: انسان اور نباتات میں تمامِ مشترک کیا ہے؟ (منطق)

جواب: جسم نامی۔

س ۶۰: انسان اور جمادات میں تمامِ مشترک کیا ہے؟ (منطق)

جواب: مطلق جسم۔

س ۶۱: فصاحت کے لغوی معنی کیا کیا ہیں؟ (فصاحت)

جواب: صبح کی روشنی، جھاگ کا چلے جانا، زبان کا جاری ہونا، اِن تمام معانی پر لفظ ظہور اور اِبانت اِلتزامی طور پر دلالت کرتا ہے۔

س ۶۲: نسبت کی کتنی قسمیں ہیں؟ (بلاغت)

جواب: نسبت کی تین قسمیں ہیں:

(۱) نسبتِ کلامیہ (۲) نسبتِ خارجیہ (۳) نسبتِ ذہنیہ

س ۶۳: خبر اور انشاء میں کیا فرق ہے؟ (بلاغت)

جواب: انشاء میں بھی یہ تینوں نسبتیں پائی جاتی ہیں اور مطابقت وعدمِ مطابقت بھی ہوتی ہے، پھر انشاء وخبر میں فرق یہ ہوگا کہ اگر نسبتِ کلامیہ کے نسبتِ خارجیہ کے مطابق ہونے یا نہ ہونے کا قصد کیا جائے تو یہ کلام خبر ہے ورنہ یعنی اگر قصد نہ کیا جائے تو انشاء ہے۔

س ۶۴: تاوّل کسے کہتے ہیں؟ (بلاغت)

جواب: متکلم کے کلام میں ایسا قرینہ جس سے یہ ثابت ہو کہ اس کا اسناد ما ھولہ کی طرف نہیں ہے۔

س ۶۵: جَنازہ اور جِنازہ میں کیا فرق ہے؟ (لغت)

جواب: جَنازہ میت کو کہتے ہیں جبکہ جِنازہ تخت یا چارپائی کو کہتے ہیں۔

س ۶۶: مندرجہ ذیل جانوروں کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ (لغت)

[چیتا ، زیبرا ، ریچھ ، پہاڑی بکرا ، مور ، طوطا]

جواب: نِمرَ (چیتا)، حِمارُ الزَّرد (زیبرا)، دِبّ (ریچھ)، وَعَل (پہاڑی بکرا)، طَواوِیس (مور) ، بَغاوَات (طوطے)۔

س ۶۷: بَطنِ مُحَسِّر سے کیا مراد ہے؟ (فقہ)

جواب: یہ وہ جگہ ہے جہاں اُصحابِ فِیل عذاب کا شکار ہوئے تھے۔

س ۶۸: سلبِ عموم کا کیا مطلب ہے؟ (بلاغت)

جواب: جس میں تمام افراد سے حکم کی نفی نہیں ہوتی بلکہ مجموعاً افراد سے ہوتی ہے۔

س ۶۹: تاکید کسے کہتے ہیں؟ (بلاغت)

جواب: کسی لفظ کا اُس معنی پر دلالت کرنا جو معنی پہلے سے حاصل ہو۔

س ۷۰: تاسیس کسے کہتے ہیں؟ (بلاغت)

جواب: کسی لفظ کا جدید معنی کا فائدہ دینا۔

س ۷۱: مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی بتائیں؟ (لغت)

جواب: یَرْبُوْع (جنگلی چوہا)، جَفْرَہ (بکری کا چھ ماہ کا بچہ)، فَرْخ (پرندے کا بچہ)، حَدَاۃ (چیل)، بَرَاغِیث (پسو)، قُرَاد (چیچڑی)۔

س ۷۲: بیع فاسد کی کتنی صورتیں ہیں؟ (فقہ)

جواب: اِس کی دو صورتیں ہیں:

(۱) اگر بیع کے رکن یعنی ایجاب وقبول میں کسی طرح کا خلل آجائے، مثلاً عقدِ بیع کرنے والا عقد کا اہل نہ ہو یا مبیعہ حرام چیز ہو یا مبیعہ معدوم ہو تو اِن صورتوں میں بیع فاسد ہے۔

(۲) اگر اندرونِ عقد کوئی ایسی شرط لگائی جو عقد کا مُقتضٰی نہ ہو یا اُس شرط میں بائع اور مشتری کا فائدہ ہو تو بیع فاسد ہے۔

س ۷۳: بیع اِقالہ کسے کہتے ہیں؟ (فقہ)

جواب: عقد کرنے کے بعد اُسے فسخ کر دینا۔

س ۷۴: بیع اِقالہ کے لیے کیا شرائط ہیں؟ (فقہ)

جواب: (۱) بیع اِقالہ کے لیے فریقین کا راضی ہونا ضروری ہے (۲) مجلس ایک ہونا ضروری ہے (۳) ثمنِ اَول پر اِقالہ ہوگا، مثلاً کوئی چیز 10 روپے کی خریدی ہے تو 10 روپے کی ہی واپس کرنا ہوگی۔

س ۷۵: مسند سببی سے کیا مُراد ہے؟ (بلاغت)

جواب: وہ مسند ہے جو سبب یعنی ضمیر کے واسطے سے مسند الیہ کی طرف منسوب ہو یعنی مسند سببی وہ جملہ ہے جو مبتدا کی خبر ہو اور ایسے عائد پر مشتمل ہو جو اس جملہ میں بحیثیت مسند الیہ واقع نہ ہو، جیسے: ''زید ابوہ قائم'' میں ''ابو قائم'' مسند سببی ہے۔

س ۷۶: طلب کی کتنی قسمیں ہیں؟ (فقہ: قدوری، کتاب الشفعہ)

جواب: طلب کی تین قسمیں ہیں:

(۱) طلبِ مُوَاثَبۃ (۲) طلبِ خصومت یعنی قاضی کے پاس آجائے۔

(۳) طلبِ استحقاق یا طلبِ تقریر یا طلبِ اِشہاد۔

س۷۷: غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین کیوں نہیں آتے؟ (نحو)

جواب: غیر منصرف کی فعل کے ساتھ مشابہت دو فرع ہونے میں ہے یعنی جس طرح فعل میں دو فرعیں ہیں، اِسی طرح غیر منصرف میں بھی دو فرعیں ہیں، تو چونکہ فعل پر کسرہ اور تنوین نہیں آتا تو فعل کی مشابہت کی وجہ سے غیر منصرف پر بھی کسرہ اور تنوین نہیں آئیں گے۔

س۷۸: وہ دو فرعیں کیا ہیں؟ (نحو)

جواب: (۱) فعل مصدر سے مشتق ہوتا ہے، لہٰذا مصدر اَصل ہوا اور فعل فرع۔

(۲) فعل فاعل کا محتاج ہوتا ہے، لہٰذا فعل محتاج اور فاعل محتاج الیہ ہوا اور محتاج الیہ اصل ہوتا ہے اور محتاج فرع، لہٰذا فاعل یعنی اسم مصدر اصل ہوا اور فعل فرع۔

اسی طرح غیر منصرف میں اسباب منع صرف میں سے کوئی دو سبب یا ایک سبب پایا جاتا ہے جو دو کے قائم ہو تو یہ اَسبابِ منعِ صرف میں سے ہر ایک سبب دوسری شئے کی فرع ہوتا ہے، جیسے: عدل معدول عنہ کی فرع ہے تو جب دو سبب ہوں گے تو دو فرعیں ہوں گی۔

س۷۹: اَصلی صیغہ کسے کہتے ہیں؟ (نحو)

جواب: کسی کلمہ کی وہ صورت جس کا قاعدہ اور قانون تقاضا کرے۔

س۸۰: کیا نسبی بھائی کی ماں سے نکاح جائز ہے؟ (وراثت وفقہ)

جواب: جی نہیں!

س۸۱: نسبی بھائی کی مثال سے وضاحت کریں۔ (وراثت وفقہ)

جواب: جیسا کہ زید نے ہندہ سے شادی کی تو ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا نام عمرو ہے، پھر زید نے فائزہ سے شادی کی تو اُس سے بکر پیدا ہوا، اب عمرو اور بکر باپ کی طرف سے نسبی بھائی ہیں، لہٰذا عمرو اپنے نسبی بھائی بکر کی ماں سے شادی نہیں کر سکتا کیونکہ وہ اس

کے باپ کی موطوءَہ ہے۔

س ۸۲: کیا نسبی بیٹے کی بہن سے شادی جائز ہے؟ (وراثت)

جواب: جی نہیں!

س ۸۳: قصدہ بردہ شریف کی کتنی شرحیں لکھیں گئی ہیں؟

جواب: تقریباً 40۔

س ۸۴: شعرا کے کتنے طبقے ہیں، اُن کے نام لکھیں؟ (ادب)

جواب: چار طبقات ہیں:

(۱) جاہلین۔ جیسے: امراء القیس، زہیر وغیرہ۔

(۲) مخضرمین۔ جیسے: حضرت حسان اور حضرت لبید (یہ وہ ہے جو جہالت کے بعد اسلام لائے)

(۳) متقدمین۔ جو اسلام کے صدرِ اول میں ہوئے، جیسے: فرزدق، جریر۔

(۴) محدثین۔ جو اسلام کی اشاعت کے بعد میں آئے، جیسے: ابوتمام، متنبی، بحتری وغیرہ۔

س ۸۵: مشکوٰۃ المصابیح کس کتاب سے اَخذ کی گئی ہے؟ (حدیث)

جواب: مصابیح السنۃ سے۔

س ۸۶: مصابیح السنۃ کے مصنف کا نام بتائیں؟ (حدیث)

جواب: امام ابومحمد حسین بن مسعود فراء بغوی۔

س ۸۷: مصابیح السنۃ میں کتنی اَحادیث تھیں؟ (حدیث)

جواب: 4434

س ۸۸: صاحبِ مشکوٰۃ نے کتنی اَحادیث کا اِضافہ کیا اور اب مشکوٰۃ میں کتنی اَحادیث ہوئیں؟

جواب: 1511 کا اِضافہ کیا گیا اور اب کل 5945 اَحادیث ہیں۔

س ۸۹: ناقدینِ حدیث سے کیا مراد ہے؟ (حدیث)

جواب: جو حدیثوں کے صحیح، حسن اور ضعیف ہونے میں اِمتیاز کریں۔

س ۹۰: مشکوٰۃ کی چند شروحات کے نام لکھیں۔ (حدیث)

جواب: مرقات المصابیح، لمعات، اشعۃ اللمعات، طیبی، مراۃ المناجیح۔

س ۹۱: کیا مشکوٰۃ میں حدیثوں کی اَسناد مذکور ہیں یا نہیں؟ (حدیث)

جواب: جی نہیں!

س ۹۲: کس صحابی کے اِسلام لانے پر فرشتوں نے مبارک باد دی؟ (حدیث)

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

س ۹۳: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کتنی اَحادیث مروی ہیں؟ (حدیث)

جواب: 537۔

س ۹۴: روزہ اور حج کب فرض ہوئے؟

جواب: روزہ ۲ ہجری میں اور حج ۹ ہجری میں فرض ہوا۔

س ۹۵: وَلاء کی کتنی قسمیں ہیں؟ (حسامی، اصول فقہ)

جواب: اِس کی دو قسمیں ہیں: (۱) وَلاءِ عتاقہ (۲) وَلاءِ الموالاۃ

(۱) **ولاء عتاقہ:** یہ ہے کہ مولیٰ کی ملک میں مملوک کا آزاد ہو جانا خواہ مالک خود آزاد کرے یا کوئی اور۔

(۲) **وَلاءِ الموالاۃ:** یہ ہے کہ ایک شخص کسی پر ایمان لایا اور اِسلام لانے والے نے اُس سے یہ عقد کیا کہ میرے مرنے کے بعد میرے مال کا تو وارث ہے، اگر اِس کا کوئی اور وارث نہیں ہے تو یہ وَلاءِ موالاۃ ہے۔

س ۹۶: بیع فاسد، بیع باطل اور بیع مکروہ تحریمی میں فرق بیان کریں؟ (فقہ)

جواب: (۱) **بیع فاسد:** اصل کے لحاظ سے مشروع، وصف کے لحاظ سے غیر مشروع ہے، اِس کا حکم یہ ہے کہ یہ محض عقدِ بیع سے مفید ملک نہیں ہوتی بلکہ قبضہ کے باعث مفیدِ ملک ہو جاتی ہے۔

(۲) **بیع باطل:** جو اَصل اور وصف دونوں لحاظ سے غیر مشروع ہو، اِس کا حکم یہ ہے

کہ یہ کسی صورت بھی مفیدِ ملک نہیں ہے۔

(۳) **بیع مکروہِ تحریمی:** جو اَصل اور وصف دونوں لحاظ سے مشروع ہو مگر کسی دوسری چیز کے ملنے کی وجہ سے کراہت آ گئی ہو، جیسے: اَذانِ جمعہ کے وقت بیع کرنا۔

س ۹۷: عرض کی کتنی قسمیں ہیں؟ (بلاغت)

جواب: اس کی نو (۹) قسمیں ہیں:

(۱) کم (۲) کیف (۳) اِضافت (۴) متی (۵) اَین (۶) وضع (۷) ملک (۸) فعل (۹) اِنفعال۔

س ۹۸: مقولاتِ عشر کسے کہتے ہیں؟ (بلاغت وفلسفہ)

جواب: مذکورہ اَعراض اور ایک جوھر کو مقولاتِ عشر کہتے ہیں۔

س ۹۹: مقولات کی کتنی قسمیں ہیں۔ (بلاغت وفلسفہ)

جواب: اِس کی دو قسمیں ہیں: (۱) نسبیہ (۲) غیر نسبیہ

س ۱۰۰: نسبیہ اور غیر نسبیہ کی کتنی قسمیں ہیں؟ (بلاغت وفلسفہ)

جواب: غیر نسبیہ کی تین قسمیں: (۱) جوھر (۲) کیف (۳) کم
جبکہ اِن تین کے علاوہ سات نسبیہ ہیں۔

س ۱۰۱: غیر نسبیہ کسے کہتے ہیں؟ (بلاغت وفلسفہ)

جواب: جن کا سمجھنا دوسرے کے سمجھنے پر موقوف نہ ہو۔

س ۱۰۲: علم تقسیم قبول کرتا ہے یا نہیں؟ (فلسفہ)

جواب: علم اپنی معلومات سے قطع نظر مقولۂ کیف سے ہے اور تقسیم وعدمِ تقسیم کا تقاضا نہیں کرتا مگر جب اس کے ساتھ معلومات کا اِعتبار کیا جائے تو کبھی تقسیم قبول کرتا ہے اور کبھی نہیں۔

س ۱۰۳: قرآنِ مجید میں فقہِ اِسلامی کی بنیاد کتنے اُصول پر ہے؟ (فقہ)

جواب: (۱): عدمِ حرج، جیسے ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ”رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا۔“

(۲): قلتِ تکلیف، جیسے: ”یُرِیْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْیُسْرَ۔“

(۳): تدریج ،جیسے: "یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْئَلُوْا عَنْ اَشْیَاءَ۔"

س۱۰۴: تفسیر کی کتنی قسمیں ہیں؟ (تفسیر)

جواب: (۱) فقہی (۲) ادبی (۳) تاریخ (۴) نحوی (۵) لغوی (۶) کلامی

س۱۰۵: عہدِ رسالت میں تفسیری مصادر کیا کیا تھے؟ (تفسیر)

جواب: (۱) قرآن کریم (۲) رسولِ اکرم (۳) اجتہاد (۴) یہود و نصاریٰ

س۱۰۶: تدوینِ حدیث کا باقاعدہ آغاز کب ہوا؟ (حدیث)

جواب: 100ھ میں پہلے مدوّنِ حدیث علامہ ابنِ شہاب زُہری رحمۃ اللہ علیہ نے کی۔

س۱۰۷: مسانید کسے کہتے ہیں؟ (حدیث)

جواب: اَحادیث کا وہ مجموعہ جس میں راوی کی تمام حدیثیں ایک جگہ اکٹھی کردی گئی ہوں، جیسے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تمام مروی اَحادیث مسند امام اَحمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ میں ہیں۔

س۱۰۸: عہدِ تابعین کے تفسیری مصادر کیا کیا تھے؟ (تفسیر)

جواب: (۱) تفسیر القرآن (۲) اَحادیثِ مرفوعہ (۳) صحابۂ کرام کے تفسیری اَقوال (۴) اہلِ کتاب کی کتب مقدسہ (۵) تابعین کا اِجتہاد۔

س۱۰۹: اِمام محمد بن حسن شیبانی حنفی رحمۃ اللہ علیہ کی چھ مشہور کتابوں کے نام بتائیں جو فقہ حنفی کا عظیم ذخیرہ ہیں؟

جواب: (۱) جامع صغیر (۲) جامع کبیر (۳) سیر صغیر (۴) سیر کبیر (۵) مبسوط (۶) زیادات

س۱۱۰: کتبِ ظواہر کسے کہتے ہیں؟ (فقہ)

جواب: مذکورہ چھ کتابوں کو۔

س۱۱۱: احادیثِ صحیحہ کا سب سے پہلا مجموعہ کیا ہے اور اُس کے مصنف کون ہیں؟ (حدیث)

جواب: کتاب الآثار، از امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ۔

س۱۱۲: اِمام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف میں کس قدر اَحادیث اِستعمال کی گئی ہیں؟ (شخصیات)

جواب: ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے اپنی کتب میں 70 ہزار سے زائد احادیث بیان کی ہیں۔

س ۱۱۳: کتاب الآثار کا انتخاب کتنی احادیث سے ہوا ہے؟ (حدیث)

جواب: 40 ہزار احادیث سے۔

س ۱۱۴: اسناد کے بغیر نفس احادیث کی تعداد کتنی ہے؟ (حدیث)

جواب: علامہ امیر یمانی فرماتے ہیں کہ 44 ہزار احادیث ہیں۔

س ۱۱۵: صحاح ستہ میں تکرار کے بغیر کل کتنی احادیث ہیں؟

جواب: 10 ہزار احادیث ہیں۔

س ۱۱۶: نفسِ احادیث کے لحاظ سے امام بخاری کی مرویات زیادہ ہیں یا امام اعظم کی؟ (حدیث)

جواب: امام اعظم رضی اللہ عنہ کی۔

س ۱۱۷: کیا امام اعظم رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی تمام احادیث سے واقف تھے؟ (حدیث)

جواب: جی ہاں! کیونکہ جو شخص ایک حدیث سے بھی ناواقف ہو وہ حیاتِ انسانی کے تمام شعبوں کے لیے جامع دستور نہیں بنا سکتا۔

س ۱۱۸: حاکم الحدیث اور شہنشاہِ حدیث کس امام کو کہا جاتا ہے؟ (حدیث)

جواب: امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کو۔

س ۱۱۹: حاکم الحدیث کس محدث کو کہتے ہیں؟ (حدیث)

جواب: جس کو حضور ﷺ کی تمام مرویات سنداً و متناً یاد ہوں۔

س ۱۲۰: کیا یہ بات درست ہے کہ جن شیوخ کے وجود سے صحاحِ ستہ کی عمارت قائم ہے، اُن میں سے اکثر حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ کے علمِ حدیث میں بالواسطہ یا بلا واسطہ شاگرد ہیں؟ (حدیث)

جواب: جی ہاں!

س ۱۲۱: کیا اس کی کوئی دلیل پیش کر سکتے ہیں؟ (حدیث)

جواب: جی ہاں! دلیل یہ ہے کہ امام بخاری ﷫ نے اپنی صحیح میں 22 ثلاثیات (وہ حدیث جو تین واسطوں سے حضور ﷺ تک پہنچے) کو ذکر کیا اور امام بخاری ﷫ کو اِس عالی سند پر فخر ہے تو اِن 22 ثلاثیات میں سے 11 ثلاثیات صرف ایک امام مکی بن ابراہیم ﷫ کی سند کے واسطے سے ہیں جو حضرت امام اعظم ﷫ کے شاگرد اور امام بخاری ﷫ کے اُستاد ہیں۔

تو معلوم ہو گیا کہ امام بخاری ﷫ کی ثلاثیات میں اکثر اسانید میں اکثر شیوخ حنفی ہیں، لہٰذا امام بخاری ﷫ کے اِس شرف کو امام اعظم ﷫ کے شاگردوں کا صدقہ کہہ سکتے ہیں۔

س ۱۲۲: کیا یہ بات درست ہے کہ روایاتِ حدیث میں امام اعظم ﷫ کی شرائط امام بخاری سے بھی سخت ہیں؟ (حدیث)

جواب: جی ہاں!

س ۱۲۳: تفسیر بالماثور کسے کہتے ہیں؟ (تفسیر)

جواب: کسی آیت کا معنی ومفہوم اگر قرآنِ کریم.. یا.. رسولِ اکرم ﷺ کے ارشادِ گرامی یا صحابہ و تابعین کے اقوال وآثار سے کی جائے تو یہ تفسیر بالماثور ہے۔

س ۱۲۴: تفسیر بالرائے کسے کہتے ہیں؟ (تفسیر)

جواب: وہ تفسیر جو اپنے اِجتہاد سے کی جائے اور اِس کے جائز ہونے کی صورت یہ ہے کہ اگر یہ کلامِ عرب کے موافق اور کتاب وسنت کے ہم آہنگ ہو اور اُس میں تفسیر کی تمام شرائط پائی جائیں تو جائز ہے۔

س ۱۲۵: فتنہ وضعِ حدیث کا آغاز کب ہوا؟ (حدیث)

جواب: 41ھ میں۔

س ۱۲۶: تفسیر بالماثور میں سے چند ایک تفسیروں کے نام بتائیں؟ (تفسیر)

جواب: (۱) جامع البیان للطبری (۲) معالم التنزیل للبغوی (۳) تفسیر ابن کثیر (۴): تفسیر الدر المنثور للسیوطی۔

س ۱۲۷: تفسیر بالرائے میں سے چند ایک تفسیروں کے نام بتائیں؟ (تفسیر)

جواب: (۱) تفسیر کبیر (۲) تفسیر بیضاوی (۳) تفسیر خازن (۴) تفسیر جلالین (۵) تفسیر روح المعانی (۶) تفسیر مظہری۔

س ۱۲۸: اعتقاد کی کتنی صورتیں ہیں، وجہ حصر بیان کریں؟ (منطق)

جواب: اعتقاد دو حال سے خالی نہیں کہ جازم ہوگا یا غیر جازم بصورت اوّل پھر دو حال سے خالی نہیں کہ واقع کے مطابق ہے یا نہیں بصورت ثانی جہل مرکب بصورت اول پھر دو حال سے خالی نہیں کہ قابل زوال ہے یا ناقابل زوال بصورت ثانی یقین اور اگر اعتقاد غیر جازم ہے تو پھر تین حال سے خالی نہیں کہ دونوں جانبین برابر ہیں یا ایک جانب راجح اور دوسری جانب مرجوح بصورت اول شک اور بصورت ثالث وہم۔

س ۱۲۹: قرآن پاک کی کتنی آیات حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی شان میں نازل ہوئیں؟ (سیرت)

جواب: 12 آیات۔

س ۱۳۰: احادیث مبارکہ میں سے کتنی احادیث میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی فضیلت ثابت ہے؟

جواب: کل 316 ہیں، امام ابن حجر ہیتمی مکی رحمۃ اللہ علیہ کے مطابق۔

181 احادیث میں صرف حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا نام۔

88 احادیث میں حضرت ابوبکر و حضرت عمر رضی اللہ عنہما کا نام۔

17 احادیث میں حضرت ابوبکر صدیق و حضرت عمر فاروق و حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کا ذکر۔

14 احادیث میں خلفاے راشدین کا ذکر۔

16 احادیث میں خلفا و دیگر صحابہ کی فضیلت، اس طرح کل احادیث 316 ہوگئیں۔

س ۱۳۱: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے تین پسندیدہ عمل کیا تھے؟ (شخصیات)

جواب: (۱) اَلنَّظْرُ اِلٰی وَجْہِ رَسُوْلِ اللّٰہِ (۲) اِنْفَاقُ مَالِیْ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ (۳) اِبْنَتِیْ عَلٰی تَحْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ۔

س ۱۳۲: زکوٰۃ کس ہجری میں فرض ہوئی؟ (فقہ)

جواب: 2 ہجری میں۔

س ۱۳۳: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا کفر اور اسلام میں اصل نام کیا تھا؟ (حدیث)

جواب: کفر میں عبدالشمس اور اسلام میں عبدالرحمٰن۔

س ۱۳۴: بصرہ میں سب سے آخر میں کون سے صحابی فوت ہوئے؟ (تاریخ)

جواب: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ 93ھ میں فوت ہوئے۔

س ۱۳۵: حضرت عباس رضی اللہ عنہ عمر میں حضور ﷺ سے کتنے سال بڑے تھے؟ (تاریخ)

جواب: دو سال۔

س ۱۳۶: عصابہ کتنے افراد کو کہتے ہیں؟ (حدیث)

جواب: 10 سے 40 تک کی جماعت کو عصابہ کہتے ہیں۔

س ۱۳۷: شام میں سب سے آخر میں کونسے صحابی فوت ہوئے؟ (تاریخ)

جواب: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے 71 سال کی عمر میں 86ھ میں وفات پائی۔

س ۱۳۸: مدینہ منورہ میں سب سے آخر میں کون سے صحابی نے وفات پائی؟ (تاریخ)

جواب: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے 94 سال کی عمر میں وفات پائی۔

س ۱۳۹: حکم کا اطلاق کتنی چیزوں پر ہوتا ہے؟ (علوم عربی)

جواب: 4 چیزوں پر۔

(۱) اہلِ عرب کے نزدیک وقوعِ نسبت یا عدمِ وقوعِ نسبت کو حکم کہتے ہیں اور یہی نسبتِ کلامیہ ہے۔

(۲) اہلِ منطق کے نزدیک اذعانِ نسبت اور ادراکِ نسبت کو حکم کہتے ہیں اور اسے ایقاع و انتزاع سے تعبیر کرتے ہیں۔

(۳) اہلِ اصولیین کے نزدیک حکم اللہ کا وہ خطاب جو بندوں کے افعال کے متعلق ہو۔

(۴) اہلِ فقہ کے نزدیک حکم خطاب سے جو چیز ثابت ہو یعنی فرض اور واجب وغیرہ۔

س ۱۴۰: مکہ مکرمہ کی تعمیر کے کتنے سال بعد مسجدِ اقصیٰ بنائی گئی؟ (تاریخ)

جواب: تقریباً 40 سال بعد۔

س ۱۴۱: اُصولِ حدیث پر سب سے پہلے کون سی کتاب مرتب ہوئی؟ (اصولِ حدیث)

جواب: نخبۃ الفکر۔

س ۱۴۲: کیا حدیث کے مشکل اَلفاظ کو حل کرنے والی کوئی کتاب ہے؟ (حدیث)

جواب: جی ہاں! (۱) اَلنھایہ فی غریب الحدیث و الاثر از ابن اثیر جزری۔

(۲) الفائق فی غریب الحدیث۔ از جار اللہ زمحشری۔

س ۱۴۳: کیا اَحادیث کی ترکیب حل کرنے والی کوئی کتاب ہے؟ (حدیث)

جواب: جی ہاں! اعراب الحدیث النبوی۔ از عبداللہ بن حسین عقبری۔

س ۱۴۴: کثرت سے روایات کرنے والے صحابہ کرام کی روایات کی تعداد بتائیں؟ (حدیث)

نمبر شمار	نام صحابہ کرام	تعداد مرویات	وفات
1	حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ	5374	57
2	حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ	2630	75
3	حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ	2286	93
4	حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا	2210	49
5	حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ	1660	68
6	حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ	1540	74
7	حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ	1170	46
8	حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ	848	32
9	حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ	750	65

س۱۴۵: صحاح ستہ کے مصنفین کی پیدائش اور وفات واضح کریں؟

نمبر شمار	نام مصنفین	نام کتاب	تعداد احادیث	وفات
1	امام محمد بن اسماعیل بخاری	صحیح بخاری	9082	256
2	امام مسلم بن حجاج	صحیح مسلم	7275	261
3	امام محمد بن عیسی ترمذی	جامع ترمذی	3956	297
4	امام سلیمان بن اشعث	سنن ابوداؤد	4800	275
5	امام شعیب بن علی	سنن نسائی	5761	303
6	امام محمد بن یزید	سنن ابن ماجہ	4000	272

س۱۴۶: مذاہب اربعہ کے بانیوں کی تاریخ پیدائش و وفات نوٹ کریں؟

نمبر شمار	نام بانی	نام فقہ	پیدائش	وفات
1	حضرت امام نعمان بن ثابت	فقہ حنفی	80	150
2	امام انس بن مالک	فقہ مالکی	92	179
3	امام محمد بن ادریس	فقہ شافعی	150	204
4	امام احمد بن حنبل	فقہ حنبلی	164	241

س۱۴۵: کسی بھی فن کو شروع کرنے سے پہلے کتنی چیزیں جاننا ضروری ہیں؟ (علوم عربیہ)

جواب: پانچ چیزیں: (۱) تعریف (۲) موضوع (۳) غرض (۴) مدوّن (۵) مصنف

س۱۴۶: تعریف جاننا کیوں ضروری ہے؟ (علوم عربیہ)

جواب: تاکہ مجہول مطلق کی طلب لازم نہ آئے۔

س۱۴۷: موضوع جاننا کیوں ضروری ہے؟ (علوم عربیہ)

جواب: تاکہ ایک فن دوسرے سے ممتاز ہو جائے۔

س۱۴۸: غرض جاننا کیوں ضروری ہے؟ (علوم عربیہ)

جواب: تا کہ عبث اور بے کار کو طلب کرنا لازم نہ آئے۔

س ۱۴۹: مدوّن جاننا کیوں ضروری ہے؟ (علومِ عربیہ)

جواب: تا کہ اُس فن کے مدوّن اور اُس کی تاریخی حیثیت معلوم ہو جائے۔

س ۱۵۰: حالاتِ مصنف جاننا کیوں ضروری ہیں؟ (علومِ عربیہ)

جواب: تا کہ مصنف کے مرتبے سے تصنیف کے مرتبہ کا اندازہ ہو جائے۔

س ۱۵۱: اُصولِ فقہ کے مدوّن کون ہیں؟ (اصولِ فقہ)

جواب: سب سے پہلے مدوّن امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور پھر آپ کے شاگرد امام یوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے اس فن پر کتب لکھیں اور پھر امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اِس فن پر ایک رسالہ لکھا جو آپ کی کتاب ''کتاب الام'' کے مقدمہ میں درج ہے۔

س ۱۵۲: اُصولِ فقہ کی حدلقبی کیا ہے؟ (اصولِ فقہ)

جواب: اُن قواعد کو جاننا جن میں بندۂ مکلف کے متعلق احکامِ شرعیہ کو تفصیلی دلائل کے ساتھ ثابت کیا جائے۔

س ۱۵۳: اُصولِ فقہ کا موضوع کیا ہے؟ (اصولِ فقہ)

جواب: اَحکام و دلائل۔

س ۱۵۴: اُصولِ فقہ کی غرض کیا ہے؟ (اصولِ فقہ)

جواب: اَحکامِ شرعیہ کو تفصیلی دلائل کے ساتھ جاننا اور استنباطِ مسائل کے قواعد جاننا۔

س ۱۵۵: فقہ کسے کہتے ہیں؟ (فقہ)

جواب: اَحکامِ شرعیہ وفرعیہ کو جاننا۔

س ۱۵۶: اِستنباط کسے کہتے ہیں؟ (فقہ)

جواب: ''اِستِخرَاجُ المَاءِ مِنَ العَینِ بِنَوعِ الکُلفَةِ وَالمَشَقَّةِ''

[لغوی طور پر استنباط یہ ہے کہ چشمے سے مشقت اور تکلیف کے ساتھ پانی نکالنا]

[اُصولیوں کے نزدیک اِستنباط یہ ہے کہ مجتہدین کا اَحکامِ شرعیہ کو قرآن وسنت سے نکالنا]

س ۱۵۷: مسمّٰی، مدلول، معنی اور مفہوم میں کیا فرق ہے؟ (علومِ عربیہ)

جواب: جو چیز ذہن میں ہے وہ مسمّٰی ہے۔

ذہن میں موجود چیز پر جو دلالت کرے وہ مدلول ہے۔

اُس لفظ سے جو کچھ سمجھ میں آئے وہ مفہوم ہے۔

اُس لفظ سے جو چیز مراد لی جائے وہ معنی ہے۔

س ۱۵۸: اصولِ فقہ والوں کے نزدیک کتاب اللہ کی کتنی اَقسام و تقسیمات ہیں؟ (اصولِ فقہ)

جواب: کتاب اللہ کی 4 تقسیمات ہیں اور 20 اَقسام ہیں۔

س ۱۵۹: پہلی تقسیم بیان کریں؟ (اصولِ فقہ)

جواب: تقسیم اوّل: لفظ کے معنی کے لیے وضع کے اعتبار سے ہے اور یہ چار قسمیں ہیں۔

(i) خاص (ii) عام (iii) مشترک (iv) مؤول

س ۱۶۰: دوسری تقسیم بیان کریں؟ (اصولِ فقہ)

جواب: دوسری تقسیم: لفظ کے معنی کے اِستعمال کے لحاظ سے بھی چار اقسام ہیں۔

(i): حقیقت (ii): مجاز (iii): صریح (iv): کنایہ

س ۱۶۱: تیسری تقسیم بیان کریں؟ (اصولِ فقہ)

جواب: تیسری تقسیم: لفظ کے ظہور و خفا کے اِعتبار سے آٹھ قسمیں ہیں۔

ظہور کے اِعتبار سے چار اقسام ہیں: (i) ظاہر (ii) نص (iii) مفسر (iv) محکم

خفا کے اِعتبار سے چار اقسام ہیں: (i) خفی (ii) مشکل (iii) مجمل (iv) متشابہ۔

س ۱۶۲: چوتھی تقسیم کیا ہے؟ (اصول فقہ)

جواب: لفظ سے حکمِ شرعی ثابت ہونے کے اعتبار سے بھی چار قسمیں ہیں۔

(i) عبارۃ النص (ii) اِشارۃ النص (iii) دلالۃ النص (iv) اِقتضاء النص

س ۱۶۳: اَفعالِ حسیہ اور شرعیہ میں سے کس کا وجود صفتِ قبح کے ساتھ پایا جاتا ہے۔ (اصولِ فقہ)

جواب: اَفعالِ حسیہ کا وجود صفتِ قبح کے ساتھ پایا جا سکتا ہے جبکہ اَفعالِ شرعیہ کا وجود صفتِ قبح کے ساتھ نہیں پایا جاتا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

{ حصہ دوم }

س ۱: رسول اکرم ﷺ نے اپنی حیاتِ ظاہری میں کتنی نمازیں ادا کیں؟ (علوم عربیہ)

جواب: تقریباً 30 ہزار۔ [مرقات شرح مشکوۃ: 42/1]

س ۲: زبان کے ساتھ نماز کے لیے نیت کرنا کیسا ہے؟ کیا حضور نے ایسا کیا؟ (علوم عربیہ)

جواب: رسول اکرم ﷺ نے اپنی زندگی میں کبھی بھی نماز کے لیے زبان سے نیت نہیں کی، البتہ اب زبان سے نیت کرنا بدعتِ حسنہ ہے، اِس کے بارے میں مکمل تحقیق دیکھیے۔ [مرقات شرح مشکوۃ: 41/1]

س ۳: مجنوں کا ولی نکاح اور طلاق کا حق رکھتا ہے؟ (فقہ)

جواب: مجنوں کا ولی نکاح کروا سکتا ہے مگر مجنوں کی طرف سے طلاق نہیں دے سکتا۔

[ھدایہ: کتاب الطلاق]

س ۴: لونڈی کی کتنی اقسام ہیں؟ (فقہ)

جواب: لونڈی کی چار اقسام ہیں:۔

(۱) رَقِیقَہ (۲) مُکَاتِبَہ (۳) مُدَبِرَہ (۴) اُمِ وَلَدْ

(۱) **لونڈی رقیقہ:** وہ ہے جو مکمل مملوک ہو۔

(۲) **لونڈی مکاتبہ:** وہ ہے کہ جسے مالک کہہ دے کہ اتنی رقم ادا کر دو تو تم آزاد ہو۔

(۳) **لونڈی مدبرہ:** وہ ہے جسے مالک کہے کہ تو میرے مرنے کے بعد آزاد ہے۔

(۴) **لونڈی اُم ولد:** جس سے مالک کے صحبت کرنے سے وہ حاملہ ہو جائے اور اولاد پیدا ہو جائے، اب اِس صورت میں لونڈی کو فروخت نہیں کر سکتا، البتہ مالک کے مرنے کے بعد وہ خود بخود آزاد ہو جائے۔

س ۵: مرتد اور کافر میں کیا نسبت ہے؟ (علوم عربیہ)

جواب: مرتد اور کافر کے درمیان عموم وخصوص مطلق کی نسبت ہے یعنی ہر مرتد کافر ہے لیکن

ہر کافر کا مرتد ہونا ضروری نہیں۔

س۶: شریعتِ مطہرہ میں مرتد کی کیا سزا ہے؟ (علومِ عربیہ)

جواب: مرتد کی سزا صرف قتل ہے، البتہ مرتد اگر مرد ہو تو تین دن کی مہلت دی جائے گی، اُس کے بعد قتل کر دیا جائے گا اور اگر مرتد عورت ہے تو اُس کی سزا عمر قید ہے لیکن یہ کہ توبہ کر لے۔

س۷: زندیق کسے کہتے ہیں؟ (علومِ عربیہ)

جواب: وہ بے دین جو آخرت اور خالق کی وحدانیت پر ایمان نہیں رکھتا۔

س۸: بیع سلم اور بیع صرف کسے کہتے ہیں؟ (فقہ)

جواب: بیع سلم یہ ہے کہ نقدین کا جنس کے ساتھ سودا کرنا اور بیع صرف یہ ہے کہ نقدین کا آپس میں سودا کرنا۔

س۹: قتلِ خطا یا شبہِ عمد کی دیت کیا ہے؟ (فقہ)

جواب: اِس کی دیت 100 اونٹ ہے یا اس کے مقابلے میں 1000 دینار (375 تولہ سونا) اور 10,000 درہم (2625 تولے چاندی) یا ایک روایت کے مطابق 1200 درہم ہے۔

س۱۰: اُونٹوں کی مشہور قسموں کے نام بتائیں؟ (فقہ)

جواب: ایک سال کا اُونٹ بنتِ مخاض، دو سال کا بنتِ لبون، تین سال کا حقہ، چار سال کا جزعہ، پانچ سال کا ثنیہ، چھ سے آٹھ سال کا بازل عام، نو سال کا بازل عامین۔

س۱۱: تغییر اور تبدیل میں کیا فرق ہے؟

جواب: تغییر میں چیز کُلی طور پر ختم نہیں ہوتی جبکہ تبدیل میں کُلی طور پر ختم ہو جاتی ہے۔

س۱۲: کیا کوئی حکم عمل کرنے سے پہلے ہی منسوخ ہو سکتا ہے؟ (فقہ)

جواب: جی ہاں! جیسے 50 نمازوں سے 5 ہوئیں۔

س۱۳: اِستبراءِ رحم کسے کہتے ہیں؟ (فقہ)

جواب: لونڈی کے قبضہ میں آنے کے بعد اُس کے حاملہ یا غیر حاملہ ہونے کے بارے میں اِنتظار کرنا پھر اگر حیض والی ہے تو ایک حیض ورنہ ایک مہینہ اِنتظار ہوگا، بعض کے نزدیک تین ماہ۔

س ۱۴: دَین اور عین کسے کہتے ہیں؟ (فقہ)

جواب: دَین ثمن اور عین مبیع وغیرہ کو کہتے ہیں۔

س ۱۵: بیع باطل اور بیع فاسد میں کیا فرق ہے؟ (فقہ)

جواب: بیع باطل معدوم ہونے کا نام ہے یعنی یہ اصلاً اور وصفاً دونوں طرح متحقق نہیں ہوتی جبکہ بیع فاسد اصلاً تو موجود ہوتی ہے مگر وصفاً معدوم ہوتی ہے۔

(بدایہ ثالث:32، حاشیہ نمبر7)

س ۱۶: مُثلہ کسے کہتے ہیں؟ (فقہ)

جواب: میت یا مقتول کے ہاتھ، پاؤں، ناک، کان وغیرہ کاٹنا۔

س ۱۷: کیا مُثلہ کرنا جائز ہے؟ (فقہ)

جواب: مُثلہ قصاصاً جائز ہے، البتہ سزا کے طور پر ممنوع ہے۔

(مرآۃ المناجیح شرح مشکوٰۃ:264/5)

س ۱۸: "صَلُّوْا خلفَ کُلِّ بَرٍّ وَّ فَاجِرٍ" اِس حدیث کا مفہوم بیان کریں؟ (حدیث)

جواب: اِس حدیث میں حکم دیا گیا ہے کہ ہر نیک اور فاسق کے پیچھے نماز پڑھو حالانکہ علماء فرماتے ہیں کہ فاسق کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہے۔
لہٰذا اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر فاسق کا فسق حدِ کفر تک نہ پہنچا ہو اور کوئی مردِ صالح بھی نہ ہو تو پھر فاسق کے پیچھے نماز پڑھ لو۔

(مرقات شرح مشکوۃ، اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ)

س ۱۹: کیا حلال جانوروں کا شکار کرنا جائز ہے؟ (فقہ)

جواب: بلا ضرورت شکار کرنا منع ہے، ضرورتاً جائز ہے۔ ضرورت سے مُراد گوشت کھانا یا

اُن کے ضرر کو دور کرنا۔ (مراۃ المناجیح شرح مشکوۃ:267/5)

س ۲۰: مال کسے کہتے ہیں؟ (فقہ)

جواب: "اَلْمَالُ مَا یَمِیْلُ اِلَیْہِ الطَّبْعُ وَیُمْکِنُ اِدِّخَارُہٗ لِوَقْتِ الْحَاجَۃِ۔"

[مال وہ ہے جس کی طرف طبیعت مائل ہو اور حاجت کے وقت اُسے ذخیرہ کیا جا سکے]

س ۲۱: ملکیت کے لحاظ سے بیع باطل اور بیع فاسد میں کیا فرق ہے؟ (فقہ)

جواب: بیع باطل یہ ہے کہ "لَا یُفِیْدُ مِلْکَ التَّصَرُّفِ وَمِلْکَ الرَّقَبَۃِ۔"

بیع فاسد یہ ہے کہ "یُفِیْدُ الْمِلْکَ عِنْدَ اِتِّصَالِ الْقَبْضِ بِہٖ وَیَکُوْنُ الْمَبِیْعُ مَضْمُوْنًا فِیْ یَدِ الْمُشْتَرِیْ فِیْہِ۔"

س ۲۲: جو شخص حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو بُرا بھلا کہے تو اُس کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: بہت سے ائمہ نے ایسے شخص کو کافر قرار دیا ہے اور اِس بات پر تو سب کا اِجماع ہے کہ ایسا شخص بددین اور فاسق ہے۔

(درمختار، فتاوٰی عالمگیری، فتح القدیر، بحر الرائق، تنویر الابصار)

پھر بھی اِحتیاط یہی ہے کہ ایسے شخص کو کافر نہ کہا جائے بلکہ بدعتی اور گمراہ کہا جائے۔

س ۲۳: وہابی کیوں کافر ہے؟ (عقائد)

جواب: چار وجہوں سے یہ کافر ہے۔

(۱) غیر مقلدین اِجماع اور قیاس کے منکر ہیں، دلیل یہ ہے کہ ان کے پیشوا صدیق حسن نے کہا کہ قیاس باطل ہے۔

(۲) اِن کے امام اسماعیل دہلوی نے "ایضاح الحق" میں اللہ تعالیٰ کو مکان و جہت سے پاک ماننے کے عقیدے کو بدعت حقیقی بتایا ہے اور یہ کلمۂ کفر ہے۔

(فتاوٰی قاضی خاں، فتاوٰی عالمگیری)

(۳) اِسی امام نے "تقویۃ الایمان" میں ہمارے نبی کے متعلق لکھا ہے کہ وہ مر کر مٹی ہو گئے

ہیں، تو ائمہ نے تصریح کی ہے کہ یہ کلمہ کفر ہے۔ (شرح زرقانی علی المواھب)

(۴) یہ تمام لوگ تقلید کو شرک اور مسلمان مقلدین کو مشرک کہتے ہیں تو یہ کلمہ کفریہ ہے۔
(درمختار، فتاویٰ عالمگیری، مجمع الانہر)

س ۲۴: کیا ہر وہابی غیر مقلد کافر ہے؟ (عقائد)

جواب: جی نہیں! جن کے مذکورہ عقائد ہوں گے تو وہ کافر ہیں ورنہ جو حسب اہل وہابی ہیں وہ فاسق اور گمراہ ہیں۔

س ۲۵: ایسے فاسق غیر مقلد کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟ (عقائد)

جواب: ناجائزتر ہے اور یہ محض باطل ہے۔ (شرح فقہ اکبر، فتح القدیر)

س ۲۶: کیا اجنبی جوان عورت سے مرد کا مصافحہ کرنا جائز ہے؟ (فقہ)

جواب: یہ حرام ہے۔

س ۲۷: کیا سلام کرتے وقت تاحدِ رکوع جھکنا جائز ہے؟ (فقہ)

جواب: یہ حرام ہے۔ (مراۃ المناجیح:354/6)

س ۲۸: اذان سے قبل و بعد مروجہ درود و سلام کی ابتدا کب سے ہوئی؟ (فقہ)

جواب: ربیع الثانی 711ھ میں پیر کی شب عشاء کی اذان سے۔

س ۲۹: کیا مروّجہ درود و سلام بدعت سیئہ ہے؟ (فقہ)

جواب: جی نہیں! یہ بدعتِ حسنہ ہے جیسا کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کہا۔

"وَالصَّوَابُ اَنَّهٗ بِدْعَةٌ حَسَنَةٌ يُؤْجَرُ فَاعِلُهٗ"

س ۳۰: تمباکو نوشی کا کیا حکم ہے؟ (فقہ)

جواب: بقدرِ ضررِ احتلالِ حواس (یعنی جس سے ہوش اُڑ جائیں) کھانا حرام ہے اور اس طرح کھانا کہ منہ سے بُو آنے لگے تو یہ مکروہ ہے اور اگر بالکل تھوڑی مقدار خصوصاً مشک وغیرہ سے خوشبو کر کے پانی میں ملا کر کھائیں اور ہر بار منہ صاف کر لیں تو مباح ہے عمومِ بلویٰ کی وجہ سے۔ (احکامِ شریعت:136)

س۳۱: زیور میں زکوۃ کا کیا حکم ہے؟ (فقہ)

جواب: زیور میں مطلقاً زکوۃ ہے، چاہے پہنیں یا نہ پہنیں اور زیورات میں زکوۃ کی ادئیگی زیورات بنوانے کے وقت کی قیمت کے مطابق نہ ہوگی، بلکہ بازار کی قیمت کے مطابق۔

س۳۲: حد کی کتنی قسمیں ہیں؟ (منطق)

جواب: حد کی تین قسمیں ہیں: (۱) حدِ منطقی (۲) حدِ فلسفی (۳) حد عرفی

(۱) **حدِ منطقی:** وہ تعریف جو جنس اور فصل پر مشتمل ہو۔

(۲) **حدِ فلسفی:** وہ طرف ہے جس طرح نقطہ خط کے لیے طرف ہے۔

(۳) **حدِ عرفی:** وہ منتہی ہے یعنی وہ مقام جس سے شے تجاوز نہ کرے۔

س۳۳: مقدار کسے کہتے ہیں؟ (فلسفہ)

جواب: جس کے اجزاء وجود میں مجتمع ہوں۔

س۳۴: مقدار کی کتنی قسمیں ہیں؟ (فلسفہ)

جواب: مقدار کی تین قسمیں ہیں۔

"وجہ حصر" مقدار ایک جہت سے تقسیم کو قبول کرے تو خط، اگر دو جہتوں سے تقسیم کو قبول کرے تو سطح اور اگر تین جہتوں سے تقسیم کو قبول کرے تو جسمِ تعلیمی۔

س۳۵: علم کی کتنی تقسیمیں ہیں؟ (منطق)

جواب: علم کی تین تقسیمات ہیں:

☆ علم کی تقسیمِ اوّل ☆

س۳۶: تصور و تصدیق کے لحاظ سے علم کی کتنی قسمیں ہیں؟ (منطق)

جواب: یہ کل دس قسمیں ہیں جن میں 2 تصدیق اور 8 تصور ہیں۔

س۳۷: اِن کی وجہ حصر بیان کریں؟ (منطق)

جواب: علم دو حال سے خالی نہیں کہ ایک شئے کی صورت حاصل ہوگی یا متعدد کی، بصورت اوّل تصور اور بصورت ثانی پھر دو حال سے خالی نہیں کہ متعدد کی صورت میں نسبت ہے یا نہیں، بصو3رت ثانی بھی تصور اور بصورت اوّل یعنی اگر نسبت ہے تو پھر دیکھیں گے کہ نسبت تامہ ہے یا غیر تامہ، بصورت ثانی بھی تصور اور بصورت اوّل اگر نسبت تامہ ہے تو پھر متکلم کے خاموش ہونے سے مخاطب کو کوئی خبر یا طلب معلوم ہوگی یا نہیں، بصورت اوّل نسبتِ خبریہ اور بصورتِ ثانی انشائیہ۔

اگر نسبت خبریہ ہے تو پھر ہمارا ذہن اُس کی تکذیب یا تصدیق کی طرف متوجہ ہوتا ہے یا نہیں بصورت ثانی تخییل اور بصورت اوّل پھر دو حال سے خالی نہیں کہ حالتِ انکاری پیدا ہوتی ہے یا نہیں بصورت اوّل تکذیب اور بصورت ثانی پھر دو حال سے خالی نہیں کہ ایجاب و سلب دونوں برابر ہیں یا ایک راجح اور دوسرا مرجوح، اگر دونوں جانبیں برابر ہیں تو اس کو شک کہتے ہیں۔

اگر ایک راجح اور دوسرا مرجوح ہے تو پھر دو صورتیں ہیں کہ راجح اتنا راجح ہے کہ مرجوح کا ضعیف سا احتمال ہے یا نہیں، اگر احتمال ہے تو جانبِ مرجوح کو وہم اور جانبِ راجح کو ظن کہتے ہیں اور اگر جانب راجح اتنا راجح ہے کہ مرجوح کا ذرا بھی احتمال نہیں تو اِس جانب راجح کو جزم کہتے ہیں۔

ان میں سے پہلی 8 قسمیں تصور ہیں جبکہ آخری 2 یعنی ظن اور جزم تصدیق ہیں۔

☆ علم کی دوسری تقسیم ☆

س ۳۸: علم جزم کی کتنی قسمیں ہیں؟ (منطق)

جواب: اِس کی 4 قسمیں ہیں:

(۱) تقلید مخطی (۲) جہل مرکب (۳) تقلید مصیب (۴) یقین

س ۳۹: اِن کی وجہ حصر بیان کریں؟ (منطق)

جواب: علمِ جزم دو حال سے خالی نہیں کہ واقع کے مطابق ہے یا نہیں، بصورتِ ثانی پھر دو حال سے خالی نہیں کہ تشکیکِ مشکیک (شک ڈالنے والے کے شک سے) سے زائل ہوسکتا ہے یا نہیں، بصورت اوّل تقلید مخطی اور اگر زائل نہیں ہوتا تو یہ جہلِ مرکب ہے یعنی انسان اپنی حقیقت سے بے خبر ہے اور اپنی جہالت کو بھی نہیں جانتا، اَلبتہ اگر اپنی جہالت کو جانتا ہے تو یہ جہلِ بسیط ہے۔

پھر اگر جزم واقع کے مطابق ہے تو اِس میں بھی دو احتمال ہیں کہ تشکیکِ مشکک سے زائل ہو جاتا ہے یا نہیں، بصورت اول تقلید مصیب اور بصورتِ ثانی یقین۔

س ۴۰: اب تصدیق کی کتنی قسمیں ہوگئیں؟ (منطق)

جواب: اب کل چھ اقسام ہوگئیں۔

س ۴۱: اب یقین کی تعریف کیا ہوگی؟ (منطق)

جواب: "ھُوَ الْاِعْتِقَادُ الْمُطَابِقُ لِلْوَاقِعِ الثَّابِتِ۔"

☆ علم کی تیسری تقسیم ☆

س ۴۲: علمِ یقین کی کتنی قسمیں ہیں؟ (منطق)

جواب: یقین کی تین قسمیں ہیں۔ (۱) علم الیقین (۲) عین الیقین (۳) حق الیقین

س ۴۳: اِن کی وجہ حصر بیان کریں؟ (منطق)

جواب: علم یقین دو حال سے خالی نہیں کہ یقین میں مشاہدہ اور تجربہ کا دخل ہے یا نہیں، بصورتِ ثانی علم الیقین، بصورت اوّل پھر دو حال سے خالی نہیں کہ اُس میں صرف مشاہدہ کا دخل ہے یا تجربہ کا، بصورت اوّل عین الیقین، بصورت ثانی حق الیقین۔

س ۴۴: اب تصور و تصدیق کی کتنی قسمیں ہیں؟ (منطق)

جواب: تصور کی بھی 8 اور تصدیق کی بھی 8 قسمیں ہوئیں۔

س ۴۵: تقویٰ کے کتنے مراتب ہیں؟ (تصوف)

جواب: تین مراتب ہیں۔

(۱): ادنیٰ یعنی کفر وشرک سے بچ کر مومن ہونا۔

(۲): متوسط یعنی محرمات سے بچنا۔

(۳): اعلیٰ یعنی ہر ناپسندیدہ چیز سے بچنا۔

س۴۶: حدیثِ پاک کے مطابق نجات کا دارو مدار کتنی چیزوں پر ہے؟ (تصوف)

جواب: ''مشکوۃ المصابیح:413'' پر حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ نجات کا دارو مدار تین چیزوں پر ہے:

(۱) زبان کی حفاظت کرنا (۲) اپنی غلطی پر رونا

(۳) گھر میں رہنا یعنی اللہ کی اطاعت میں مصروف رہنا

س۴۷: غیبت حقُ العبد یا حقُ اللہ؟ (تصوف)

جواب: جب تک غیبت کی خبر اُس تک نہیں پہنچتی جس کی غیبت کی گئی ہے تو یہ حقُ اللہ ہے اور اگر پہنچ گئی ہے تو حقُ العبد ہے، (حق اللہ کی صورت میں توبہ سے معاف ہو جائے گی)۔ (مرأۃ المناجیح:472/6)

س۴۸: کسی ایسی حدیث کا مفہوم بیان کریں جسے اِنسانیت کی معراج کہا جا سکے؟ (حدیث)

جواب: مشکوٰۃ شریف کی ایک حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ اِنسانیت کی معراج 7 چیزوں میں ہے: (۱) تقویٰ (۲) ذکرِ الٰہی وتلاوتِ قرآن (۳) کثرتِ ضحک سے بچنا (۴) لمبی خاموشی (۵) حق بات کہنا اگرچہ کڑوی لگے (۶) اللہ کے احکامات کی اطاعت پر کسی کی ملامت کا خوف نہ رکھنا (۷) جو عیب خود میں موجود ہے، اُس سے لوگوں کو منع نہ کرنا۔

س۴۹: اَمن کی کنجیاں کتنی چیزیں ہیں؟ (تصوف)

جواب: بزرگ علما فرماتے ہیں کہ امن کی کنجیاں تین چیزیں ہیں۔

(۱): سکوت (۲): لزومِ بیت (۳): قناعت بالقوت

س ۵۰: چند عربی محاورے اور اُن کا مفہوم بیان کریں؟ (علومِ عربیہ)

جواب: "كُلُّ اٰتٍ قَرِيْبٌ"۔ [ہر آنے والی چیز قریب ہے]

"لَا تُؤَخِّرْ عَمَلَ الْيَوْمِ لِغَدٍ۔" [آج کا کام کل پر مت چھوڑو]

"نِعْمَ الْمُؤَدِّبُ الدَّهْرُ۔" [زمانہ بہترین اُستاد ہے]

"لِلْاَرْضِ مِنْ كَاسِ الْكَرِيْمِ نَصِيْبٌ۔" [سخی کا مال سب کا ساجھا]

"اَكَلْتُمْ تَمْرِيْ وَعَصَيْتُمْ اَمْرِيْ۔" [ہمارا جوتا ہمارے ہی سر پر]

"اَلْعِلْمُ عِزَّةٌ لَا ذُلَّ فِيْهِ لٰكِنْ يَحْصُلُ بِذُلٍّ لَا عِزَّ فِيْهِ۔"

[علم ایسی عزت ہے جس میں کوئی ذلت نہیں لیکن یہ ایسی ذلت سے حاصل ہوتا ہے جس میں کوئی عزت نہیں]

☆☆☆☆☆

{مختلف عربی فنون کے بارے میں ضروری قواعد}

قاعدہ۔[1]: ''تَقْدِیْمُ مَا حَقُّہُ التَّاخِیْرُ یُفِیْدُ الْحَصْرَ وَالْاِخْتِصَاصَ۔''

[جس چیز کو موخر کرنا ضروری ہے، اُس کو مقدم کرنے سے حصر اور اختصاص کا فائدہ حاصل ہوتا ہے]

قاعدہ۔[2]: مجتہد کے لیے اسنادِ حدیث جاننا ضروری ہے تاکہ وہ ناسخ و منسوخ اور راجح و مرجوح میں پہچان کر سکے۔

قاعدہ۔[3]: ضعیف حدیث پر فقہا کا عمل اِس کو قوی کر دیتا ہے۔

قاعدہ۔[4]: کسی حدیث کو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا قبول فرمالینا اور اُس پر عمل کر لینا ہی اُس حدیث کے قوی ہونے کی دلیل ہے، اس لیے اُس کی سند میں نہیں جائیں گی، کیونکہ امام صاحب کی طرف منسوب حدیث وہ حضور ﷺ کی حدیث ہی ہے کیونکہ آپ تابعی ہیں، لہٰذا آپ کی بیان کردہ کوئی حدیث ضعیف نہیں ہوسکتی۔

قاعدہ۔[5]: فطری تقاضے متقضائے ذات ہوتے ہیں، ذات سے کبھی جدا نہیں ہوتے۔

قاعدہ۔[6]: شے کی شرط اپنے مشروط میں اثر نہیں کرتی۔

قاعدہ۔[7]: ''اَلْبَیِّنَۃُ عَلَی الْمُدَّعِیْ وَالْیَمِیْنُ عَلٰی مَنْ اَنْکَرَ۔''

[دعویٰ کرنے والے کے لیے گواہ پیش کرنا لازم ہے اور انکار کرنے والے کے لیے قسم لازم ہے]

قاعدہ۔[8]۔ احناف کے نزدیک عرف کے مقابلے میں حدیث کو ترجیح ہوگا۔

(ھدایہ ثالث: 82)

قاعدہ۔[9]: جس مسئلے میں حدیث نہ ہو، وہاں عرف ہی معتبر ہوگا۔

اسی وجہ سے ہم کہتے ہیں کہ گیارہویں وختم وغیرہ کے بارے میں کوئی صریح حدیث نہیں تو یہ عرف پر ہی محمول ہوں گے اور عرف میں اِسے اچھا سمجھا جاتا ہے تو

عند اللہ بھی یہ کام اچھے ہوں گے۔

قاعدہ۔[10]: حقیقتہً نصوص میں تعارض نہیں ہوتا، البتہ بظاہر ہمیں تعارض دکھائی دیتا ہے۔

قاعدہ۔[11]: اگر مجرم کئی قسم کے جرم کرے تو حاکم تمام قصاصوں کو جمع کر سکتا ہے۔

(مرقات جلد 5، مرآۃ المناجیح:267/5)

قاعدہ۔[12]: جس گناہ کی توبہ ہوتی رہے، نہ وہ کبیرہ ہوتا ہے اور نہ فاعل فاسق کہلاتا ہے۔ (مراۃ المناجیح:321/5)

قاعدہ۔[13]: حدودِ شرعیہ صرف حاکم اِسلام ہی نافذ کر سکتا ہے، نہ کہ خود مجرم۔

(مراۃ المناجیح:322/5)

قاعدہ۔[14]: سببُ السبب بھی سبب ہی ہوتا ہے، مُفضی کا مفضی بھی مفضی ہوتا ہے۔

(مشکوۃ المصابیح:412)

قاعدہ۔[15]: مقادیرِ شرع قیاس سے ثابت نہیں ہوتے، جیسے علم میراث میں ورثا کے حصے۔

قاعدہ۔[16]: "زِیَادَۃُ الْمَبَانِیْ تَدُلُّ عَلٰی زِیَادَۃِ الْمَعَانِیْ"۔

[الفاظ کا زیادہ ہونا معانی کے زیادہ ہونے پر دلالت کرتا ہے]

☆☆☆☆